# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: "وقت کی پابندی" | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 16، 17، پرچیاں، ڈبا

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- نیا سبق شروع کرنے سے پہلے بچوں سے "لفظی دیوار" تیار کروائیں۔
- "لفظی دیوار" تیار کروانے کے لیے جماعت میں جانے سے پہلے سبق "وقت کی پابندی" میں دیے گئے ""تلفظ سیکھیں" کے الفاظ پر مشتمل چارٹ پیپر کی پرچیاں تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں ایک ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا کر پرچیوں والا ڈبا ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک پرچی اٹھالیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیاں کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔
- جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر با آواز بلند پڑھائیں۔
- اس کے بعد بچوں سے پرچیاں لے کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے ایک لفظی دیوار بنا دیں۔
- "لفظی دیوار" پر لکھے گئے الفاظ خود درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں اور بچوں کو ساتھ ساتھ پڑھائیں۔
- ان الفاظ کے معانی بھی بچوں کو ساتھ ساتھ بتائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- اس پیریڈ میں سبق "وقت کی پابندی" کی تدریس شامل ہے۔
- پیریڈ کی پڑھائی شروع کرنے سے پہلے بچوں سے کچھ سوال کریں جیسے:
- کیا آپ وقت پر اسکول آتے ہیں؟
- کیا آپ وقت پر اپنا اسکول کا کام مکمل کر لیتے ہیں؟
- کیا وقت پر پڑھتے اور کھیلتے ہیں؟
- بچوں سے ان تمام سوالوں کے جواب فرداً فرداً حاصل کریں۔ بعد ازاں سبق کی پڑھائی شروع کروائیں۔
- پہلے متن خود پڑھتے ہوئے واضح طور پر درست تلفظ ادا کریں تا کہ بچے تقلید کرتے ہوئے درست تلفظ سیکھ سکیں۔ مشکل الفاظ کے معانی ساتھ ساتھ بتائیں۔



- اب بچوں کو متن کی خاموش پڑھائی کرنے کو کہیں اور ساتھ ہی ہدایت دیں کہ جہاں مشکل الفاظ آئیں ان کے نیچے اپنی پنسل سے نشان لگاتے جائیں۔
- اس دوران میں دھیان رکھیں کہ بچے متعلقہ صفحے پر سطر کے نیچے اُنگلی رکھ کر پڑھ رہے ہوں۔
- اگر کسی بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقت پیش آرہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- خاموش پڑھائی کے بعد بچوں کی جانب سے پوچھے جانے والے الفاظ کے معنی اور مفہوم بھی بچوں کو بتائیں۔
- ایک ٹوکری میں جماعت کے تمام بچوں کے نام پرچیوں پر لکھ کر ڈال دیں۔
- باری باری ایک پرچی نکالیں اور ان بچوں سے سبق "وقت کی پابندی" کی خواندگی کروائیں۔
- جہاں بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ راہ نمائی کریں گے۔
- اس کے علاوہ پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ متعلقہ جملے پڑھ لے، تو اس کی اصلاح کریں۔
- دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔
- اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔
- متن سے متعلق ساتھ ساتھ بچوں سے مختلف سوالات بھی پوچھتے جائیں۔ تا کہ بچوں کی فہم کا جائزہ لیا جاسکے۔

**اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو مختصراً وقت کی پابندی کے بارے میں بتائیں۔

**جائزہ:**(5منٹ)متفرق بچوں سے متن کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ)جماعت میں پڑھائے گئے متن کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 2 | سبق کا نام: "وقت کی پابندی" | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 17، 18، ٹوکری، پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 17 پر موجود نئے الفاظ کی سرگرمی کروانے کے لیے گتے کے کارڈ بنا کر جماعت میں لائیں جن پر "وقت کی پابندی" کے نئے الفاظ لکھے ہوں۔
- اسی سائز کے مزید کارڈ تیار کریں اور ان پر لغت کی مدد سے الفاظ کے معانی لکھ لیں۔
- کچھ درست معانی کے کارڈ تیار کریں اور کچھ غلط معانی کے کارڈ بنا لیں۔
- ایک ٹوکری میں الفاظ کے کارڈ رکھیں اور دوسری ٹوکری میں معانی (غلط اور درست دونوں) کے کارڈ ڈال لیں۔
- جماعت میں سے چند بچوں کو باری باری بُلائیں اور انھیں الفاظ والی ٹوکری سے ایک کارڈ منتخب کرنے کو کہیں۔
- پھر دوسری ٹوکری سے اس لفظ کے ممکنہ معانی والا کارڈ تلاش کرنے کو کہیں۔
- اس کے لیے بچے کو 1 سے 2 منٹ سے زیادہ کا وقت نہ دیں۔
- اس کے بعد کسی دوسرے بچے کو معانی ڈھونڈنے کا موقع دیں۔
- جو بچے درست کارڈ تلاش کر لیں، ان کے لیے تالیاں بجوائیں اور بورڈ پر دو کالم بنا کر ساتھ ساتھ الفاظ اور ان کے درست معانی لکھتے جائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 18 پر موجود سوال نمبر 1 کی سرگرمی کروانے کے لیے تمام سوالات کے جوابات بچوں کو تفصیل سے سمجھا دیں۔
- کتاب میں دیے گئے سوالات کی پرچیاں بنا کر جماعت میں لائیں۔
- پہلے بچوں سے تمام سوالات کے جوابات زبانی طور پر حاصل کریں۔
- اس کے بعد جماعت کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں ہر گروہ کا ایک ایک لیڈر بھی مقرر کریں۔
- اب پانچوں گروہوں کے لیڈروں سے کہیں کہ وہ باری باری ان میں سے کوئی بھی ایک پرچی اٹھا لیں۔
- ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچیاں کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر باہم مشورے سے اس کے نیچے تحریر کریں۔
- اس کام کے لیے بچوں کو مخصوص وقت دیں۔
- اگر کسی بچے کو لکھنے میں مشکل محسوس ہو اس کی مکمل راہ نمائی کریں۔
- کام مکمل ہونے کے بعد چیک کریں اور مناسب طریقے سے اصلاح کریں۔
- مخصوص وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر سے کہیں کہ وہ آئے اور اپنی پرچی پر لکھا ہوا سوال اور اس کا جواب باقی بچوں کو پڑھ کر سنائے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔
- جس گروہ کے بچے درست جواب لکھیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔
- اسی دوران تمام سوالات بورڈ پر لکھیں۔
- باری باری تمام سوالات کے جوابات بچوں سے حاصل کریں۔
- تمام سوالات کے جوابات مکمل ہونے پر ایک مرتبہ بچوں سے پڑھائی کروائیں۔
- آخر میں تمام بچوں کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر سبق میں موجود چند سوال لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جوابات لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

# ورک شیٹ

1۔ دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| حرج ہونا | | ناشتا | | الگ | |
| مقررہ وقت | | پابند | | منزل پر پہنچنا | |

2۔ دیے گئے سوالات کے جواب لکھیں۔

الف۔ وقت کی پابندی کا کیا مطلب ہے؟

ب۔ کیا آپ اپنے تمام کام وقت پر کرتے ہیں؟

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: "وقت کی پابندی" | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

غلط اور درست جملوں کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 18، ڈبا، پلاسٹک کے انڈے ,ڈبا، بچوں کے ناموں کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)






- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 18 پر سوال نمبر 2 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اپنی اپنی کتاب کا صفحہ نمبر 18 کھولیں اور اس پر دیے گئے کثیر الانتخاب جملے پڑھیں۔
- اس سرگرمی کے لیے ایک ڈبا تیار کریں۔
- سرگرمی کے اس ڈبّے کی تیاری کے لیے ایک چوکور ڈبا لیں۔ ڈبّے پر کور چڑھالیں۔
- ایک پلاسٹک شیٹ لے کر ڈبّے کے اطراف میں الگ الگ چسپاں کریں اور جیبیں بنائیں۔
- سوال نمبر 2 پر دیے گئے بیانات الگ الگ کارڈ پر لکھ کر تیار کرلیں۔
- یہ کارڈ ڈبّے کی جیبوں میں ڈال لیں۔
- کارڈ ڈالتے ہوئے دھیان رکھیں کہ تحریر والا حصّہ اندر کی جانب ہو۔
- ڈبّے کی تیاری جماعت میں آنے سے پہلے کرلیں۔
- سوال نمبر 2 کے حل کے لیے بچوں کو سبق "وقت کی پابندی" پڑھنے کا کام دیں۔
- تمام بچے خاموشی سے سبق پڑھیں تاکہ اہم باتیں اور نکات ذہن میں تازہ ہوجائیں اور ان سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب دینا آسان ہوجائے۔
- کچھ بچوں کو باری باری باہر بُلائیں اور انھیں پوچھے جانے والے سوالات کے جواب سے متعلق تین تین پرچیوں پر مشتمل پلاسٹک کے انڈے دے دیں۔
- انڈوں میں موجود ان پرچیوں میں ایک جواب درست ہوگا اور باقی دو جواب غلط ہوں گے۔
- بچوں کو ڈبا زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے لڈو کا دانہ پھینکا جاتا ہے۔
- پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو سائیڈ اُوپر کی جانب آئے اُس کی جیب سے ایک کارڈ نکالیں اور اس پر لکھا سوال پڑھنے کے لیے کہیں۔
- اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ اپنے پاس موجود انڈوں کو کھولیں اور ان میں موجود پرچیوں میں سے سوال کا درست جواب تلاش کر کے بتائیں۔
- اس کام کے لیے بچوں کو وقت دیں۔ درست جواب دینے پر بچے کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اسی طرح باقی کے کثیر الانتخابی سوالات کے جوابات حاصل کریں۔
- سرگرمی مکمل کرواتے ہوئے ڈبے اور انڈوں کے استعمال کا مقصد بچوں کے شوق اور دل چسپی کو اُبھارنا ہے۔



## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 18 پر سوال نمبر 3 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں کو سبق "وقت کی پابندی" پڑھنے کا کام دیں۔
- تمام بچے خاموشی سے سبق پڑھیں تاکہ اہم باتیں اور نکات ذہن میں تازہ ہو جائیں اور ان سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب دینا آسان ہو جائے۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اپنی اپنی کتاب کا صفحہ نمبر 18 کھولیں اور اِس پر دیے گئے نامکمل جملے پڑھیں۔
- ایک ڈبے میں نامکمل جملوں کی پرچیاں ڈالیں جبکہ کچھ خالی پرچیاں بھی ڈال دیں۔
- سب بچوں کو باری باری پرچی نکالنے کا کہیں۔
- بچوں کے پاس جو پرچی آئے، وہ اس جملے کو مکمل کرے اور باآواز بلند پڑھے۔
- درست جواب دینے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- پھر نامکمل جملے بورڈ پر لکھیں اور بچوں کے ناموں کی پرچیوں والے ڈبے میں سے پرچی نکالیں۔
- جس بچے کا نام آئے، اُسے باہر بُلا کر بورڈ پر جملہ مکمل کروائیں تاکہ تحریری مشق بھی ہو سکے۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو جملوں پر مشتمل کاغذ کی مختلف رنگوں کی چٹیں(Strips ) دیں، جن میں لفظ لکھنے کی جگہ خالی ہو۔
- اس کے علاوہ ہر گروہ کو خالی جگہ پر کرنے کے لیے تین تین لفظوں کی پرچیاں بھی دیں، جن میں ایک لفظ سبق کے مطابق درست اور باقی دو الفاظ غلط ہوں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ چٹوں(Strips ) پر لکھا ہوا جملہ اور پرچیوں پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھ کر ان میں سے درست لفظ چن کر کارڈ میں دی گئی خالی جگہ میں لکھ کر جملہ مکمل کریں۔
- اس کام کے لیے تمام گروہوں کو مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کا کام چیک کریں اور درست جملے مکمل کرنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5منٹ)بورڈ پر سبق میں موجود چند نامکمل جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان جملوں کی تکمیل کروائیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ)جماعت میں کروائے گئے کام کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: "وقت کی پابندی" | |

**مقاصد:** بات چیت کر کے الفاظ کے ارکان اور حروف کی آوازیں ادا کر سکیں۔


ایک دوسرے کی پسند اور دل چسپیوں کے بارے میں جان سکیں۔

الفاظ کے آخری حرف سے نیا لفظ بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 19، اسٹکی نوٹ، دانا(Dice) دو کپ، آئس کریم اسٹکس

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)





- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 19 پر موجود سوال نمبر 4 میں دیے گئے الفاظ پر مبنی کارڈ بنائیں اور ان پر اسٹکی نوٹ لگا دیں، اسٹکی نوٹ پر 1 تا 6 نمبر لکھ دیں اور یہ کارڈ بورڈ پر چسپاں کر دیں۔
- ایک کارڈ پر ایک لفظ لکھا ہو۔ اب میز پر ایک پاسا رکھ دیں۔
- بچوں کے 6 گروہ بنا دیں۔
- اب کسی گروہ کے دو بچوں کو بلائیں اور ان میں سے ایک سے کہیں کہ وہ پاسا گھما کر لڈو کے دانے کی طرح پھینکے۔
- جو نمبر آئے گا، اس نمبر کا اسٹیکی نوٹ ہٹا دیں۔
- اب دوسرے بچے سے کہیں کہ وہ اس لفظ کے ارکان اور ان میں موجود حروف کی آوازیں ساتھیوں کو سنائیں۔
- غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کے بچوں کو موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ پر دوسرے گروہوں سے کروائیں۔
- الفاظ کے درست ارکان اور حروف کی آوازیں ادا کرنے والے گروہ کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)



- کتاب کے صفحہ نمبر 19 پر موجود سوال نمبر 5 کی سرگرمی مکمل کرنے کے لیے جماعت کو جوڑیوں میں تقسیم کریں اور بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ایک دوسرے کو اپنی پسند اور ناپسند کے بارے میں بتائیں۔
- اس سرگرمی سے بچے ایک دوسرے کی پسند ناپسند کے بارے میں جان سکیں گے۔
- جماعت کے بچوں کے 6 گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک ایک لیڈر بھی بنا دیں۔
- اپنے سامنے میز پر دو مختلف رنگوں کے کپ رکھ دیں۔
- ایک کپ میں 6 آئس کریم اسٹکیں رکھ دیں، جن پر 6 مختلف رنگوں کی چٹیں چسپاں ہوں۔
- جن پر صفحہ نمبر 19 پر سوال نمبر 6 کے تحت دیے ہوئے الفاظ لکھے ہوں۔

- دوسرے کپ میں 18 آئس کریم اسٹکیں رکھ دیں جن پر ان ہی رنگوں سے 1 تا نمبر 12 لکھے ہوں جو دوسرے کپ میں رکھی ہوئی آئس کریم اسٹکوں پر لگی ہوئی چٹوں کے لیے استعمال کیے ہوں۔
- اب کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائیں۔
- اسے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے نمبروں والی اسٹک میں سے کوئی اسٹک اٹھالے اور پھر دوسرے کپ میں سے اسی رنگ کی آئس کریم اسٹک تلاش کر کے نکالے، جس رنگ کا نمبر اس کے پاس آیا ہے۔
- وہ بچہ چٹ پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھے گا اور بورڈ پر وہ اسی لفظ کے آخری حرف سے بننے وال نیا لفظ لکھے گا اور ان نئے بننے والے الفاظ کو پڑھ کر بھی سنائے گا۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر مکمل کی ہو گی، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر سبق میں موجود چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان الفاظ کے آخری حرف سے بننے والے نئے الفاظ لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

# ورک شیٹ

دیے گئے الفاظ کے آخری حرف سے نیا لفظ بنا کر لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سورج | | دعا | |
| پابند | | خیال | |
| وقت | | منزل | |
| کام | | اسکول | |
| کھیل | | جمع | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: "وقت کی پابندی" | |

**مقاصد:** سبق **"وقت کی پابندی"** کے پہلے پیراگراف کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

الفاظ کی الف بائی ترتیب کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 19، بچوں کے ناموں کی پرچیاں



## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کرکے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اب جماعت کے بچوں کے ناموں کی پرچیاں لکھ کر ایک ڈبے میں ڈال لیں۔
- اس کے بعد جماعت کے بچوں کو ایک دائرے کی شکل میں بٹھالیں اور خود درمیان میں بیٹھ جائیں۔
- باری باری ایک پرچی نکالیں اور ان بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 19 پر موجود سوال نمبر 7 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے متعلقہ عبارت کی خواندگی کروائیں۔
- جہاں بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ راہ نمائی کریں گے۔
- اس کے علاوہ پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ متعلقہ جملے پڑھ لے، تو اس کی اصلاح کریں۔
- دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔
- اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔
- عبارت سے متعلق ساتھ ساتھ بچوں سے مختلف سوالات بھی پوچھتے جائیں۔




## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 19 پر موجود سوال نمبر 8 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں کو ہدایت دیں کہ بورڈ پر اپنے اپنے نام لکھیں۔
- اس کے بعد استاد بچوں کے ناموں کو الف بائی ترتیب سے دوبارہ لکھیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ تمام الفاظ کو حروفِ تہجی کی ترتیب سے لکھنا "الف بائی ترتیب" کہلاتا ہے۔
- اس کے بعد ایک جار لیں اس میں کچھ الفاظ لکھ کر رکھ لیں۔
- الفاظ لکھتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ پرچیوں کی تعداد بچوں کی تعداد سے پانچ گنا ہو۔
- جماعت کے چار گروہ بنالیں اور بچوں کے سامنے جار کریں بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اس جار میں سے کوئی سی پانچ پانچ پرچیاں اٹھالیں۔
- جب بچے پرچیاں نکال لیں تو بچوں کو ہدایت دیں کہ پرچیوں پر لکھے الفاظ کو الف بائی ترتیب سے اپنی اپنی کاپی پر لکھیں۔
- اس کام کے لیے بچوں کو مخصوص وقت دیں۔

| |
|---|
| • کام کی نگرانی خود کریں۔ جہاں بچے مشکل محسوس کریں ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔<br>• کام مکمل ہونے پر چیک کریں۔<br>• اس کے بعد بچوں سے تمام الفاظ بلند آواز میں پڑھنے کو کہیں اور استاد ساتھ ساتھ تمام الفاظ بورڈ پر لکھتا جائے۔<br>• مکمل الفاظ لکھنے کے بعد تمام الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھیں اور بچوں کو بتائیں اس طرح مختلف الفاظ کو "الف بائی ترتیب" سے لکھا جاتا ہے۔ |
| **اعادہ:**(3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروانے کے بعد الف بائی ترتیب سے لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

# ورک شیٹ

دیے گئے الفاظ کو درست الف بائی تیب سے لکھیں۔

شفقت موسم باغ آگ پنسل

محنت چاند تصویر درخت

شمع برائی نیک

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: "وقت کی پابندی" | |

**مقاصد:** تصاویر پر جملے لکھ سکیں۔

اپنے گھر اور اسکول کا پتا لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 20، بچوں کی تصاویر پر مبنی لڈو، پانسا، جار، شیٹس

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)




یہ تصویر نمونے کے طور پر دی جا رہی ہے۔

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے کہیں کہ سب تیار ہو جائیں، ہم آج ایک دل چسپ کھیل کھیلیں گے۔
- اب فرش پر حروف تہجی (الف تاے) سے متعلق مختلف چیزوں کی تصاویر پر مبنی لڈو بچھائیں اور جماعت میں سے کسی ایک بچے کو بلائیں۔
- اسے پاسا (Dice) دیں اور اس سے کہیں کہ وہ پاسا گھما کر لڈو پر پھینکے۔
- پاسا جس تصویر پر رکے گا، وہ بچہ اس تصویر کا نام بتائے گا اور اس کے نام کے ابتدائی حرف کی ادائی بھی کرے گا۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔
- اسی طرح سے یہ سرگرمی جماعت کے مختلف بچوں سے کروائیں۔
- جو بچے یہ کام جلدی اور بہتر طور پر کریں گے، تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)



- کتاب کے صفحہ نمبر 20 پر موجود سوال نمبر 9 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے ایک جار میں مختلف رنگوں کی ٹافیاں ڈال کر جماعت میں لے جائیں۔
- ایک رنگ کی پانچ ٹافیاں ڈالیں۔
- ہر ایک بچے کے پاس جار لے جائیں اور آنکھ بند کر کے ڈبے میں سے کوئی ایک ایک ٹافی اٹھانے کو کہیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ٹافی کھا کر اس کا کاغذ اپنی مٹھی میں لے کے اپنی کمر کے پیچھے چھپالیں۔
- جب پوری جماعت میں ٹافیاں تقسیم ہو جائیں تو بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اپنے اپنے کاغذ کا رنگ دیکھیں اور جن بچوں کے پاس ایک رنگ کے کاغذ ہوں، ان کے گروہ بنادیں۔
- تصاویر پر جملے لکھوانے سے پہلے بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی موضوع پر پیراگراف یا چند سطریں لکھنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ اس موضوع کے بارے میں بنیادی اور اہم باتیں جانتے ہوں۔
- آپ کے پاس ذخیرہ الفاظ بھی موجود ہو اور آپ جملوں میں ربط اور دل چسپی کا عنصر قائم رکھ سکتے ہوں۔

| |
|---|
| • آپ کے تحریر کردہ پیراگراف یا جملے بالکل درست املا پر مشتمل ہوں۔<br>• تصاویر پر جملے لکھوانے کے لیے بچوں کو ذہنی طور پر تیار کریں۔<br>• مختلف سوالات کی مدد سے بچوں کو بولنے پر آمادہ کریں اور ان تمام معلومات کو ان کے اذہان میں تازہ کریں جو انھیں لکھنے میں معاون ثابت ہوں گی۔<br>• اب بچوں سے دیے گئے موضوع کے متعلق مختلف سوالات کریں اور پھر بچوں کی دی گئی معلومات پر مبنی ایک ذہنی جال (Mind map) بورڈ پر بنائیں۔<br>• یہ تکنیک بچوں کو جملے لکھنے میں آسانی فراہم کرے گی۔<br>• اب ہر بچے کو ایک ایک خالی شیٹ فراہم کریں اور جماعت میں بنائے گئے تمام گروہوں کو ہدایت دیں کہ وہ سوال نمبر 9 میں دی گئی تصاویر پر آپس میں بات چیت کر کے چند جملوں میں لکھ کر بتائیں کہ آپ ان تصاویر میں موجود کام کس وقت کرتے ہیں؟<br>• اس کے ساتھ ہی بچوں کو کہیں کہ تصاویر پر جملے لکھنے سے پہلے شیٹ پر اپنا نام اور اپنے گھر کا پتا بھی لکھیں۔<br>• لکھنے کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔ اس دوران میں ہر گروہ کے پاس جائیں۔ جہاں مدد اور راہ نمائی کی ضرورت ہو ان کی راہ نمائی کریں۔<br>• وقت مکمل ہونے پر ہر گروہ کا ایک ایک نمائندہ جماعت میں سامنے آئے اور جملے پڑھ کر سنائے۔<br>• اب ہر گروہ کے لکھے ہوئے جملے چیک کریں اور درست کارکردگی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر متفرق بچوں سے وقت کی پابندی سے متعلق جملے لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

# ورک شیٹ

دی گئی تصاویر میں موجود کام آپ کس وقت کرتے ہیں؟

